پیس دونون کو ادر کرلے گرم — اسکی کر کہ ہو وے نرم

خاموشہ کا علاج

بڑھ کے تھنون سے اور چار انگشت — نرم دلچ استخوان ہی ماہی پشت
پردہ پوست مین ہے اسکی جا — خامشہ نام مشتہر اس کا

جب تلک اُس جگہ رہے قائم — کھانے پینے مین کرب ہو دائم
کر کے نشتر سے پہلے وان پہ شگاف — کھینچ لے استخوان بصد و صاف
قطع کر استخوان بلطف و ہنر — ملد سے ہلدی نمک فقط اکسیر
پاسئے تا اُس دوا سے وہ آرام — اور اُٹھانے نہ اُس سے تو آلام

پانچوین فصل کان سے گردن تک کے امراض اور اُسکی دوا کا بیان

ہوتا ہے اک آماس میان دو گوش — اُسکو کہتے ہین پھوڑے ای ذی ہوش
داغ کرتا اُسے بہت نافع — حب شنگرف بھی اسکی ہو دافع
ہو بخط چلیپا اُسکا داغ — پھول سا اک بنا لے کرکے فراغ

گلسوہ کا علاج

کان کی جڑ سے تا بگردن و حلق — بیٹھے آماس کی قرس گرد لق
گلسوہ ہے اور اُسکی سینک بھلی — سنگ خارا کی خشت کہنہ کی
یا کرے داغ جب کہ ہو آغاز — دفع ہو جائے تا بصد اعزاز
داغ جیسے ہو ہندسے کا پانچ — دو دو دو چار اور دو چھ جانچ
پھل منگا کر کے روز حنظل کا — سات دن بھون کر اُسے کھلوا
ایک پھل روز صبحدم دینا — جو کے آٹے مین لے کے پل لینا
اور منگوا کے پاؤ بھر ادرک — نیم آثار مرچ لے زیرک
برگ تنبول سو عدد لے کر — پاؤ آثار اُس مین کا لیسر
کوٹ اور چھان کر اسے رکھ لے — شام کے وقت ایک ہفتہ دے

خشکہ کا علاج

دونون جانب گلے کے گولہ وہ
اُسکو پہچان لے کہ خشکہ ہے
ہے یہ تاثیر اُسکی اے ممتاز
اور جو گرمی مین ہو تو دانہ و کاہ
تجکو کرنا ضرور ہے یہ علاج
برگ تنبول پیپل اور ادرک
پاؤ بھر سب مساوی کر تیار
پوری اُسکو کھلا تو اک ہفتہ
پنبہ دانہ منگا کے اوسکو سینک
بول آدم مین پیس تھوڑا سا
لیپ کر باندھ اُسکو خشکہ پر

جب تو دیکھے فرس کے ای خوش‌خو
اس مرض سے غرض وہ خستہ ہے
ہو زمستان مین ہندیول و براز
چھوڑے گھوڑا اگر سے نہ اُسپ‌نگاہ
کیا ضرورت کہ تو رہے محتاج
مرچ کالی ہے اور سیندھا نمک
ملکے بین مین دے فرس کو نہار
تاکہ ہو تندرست دل شگفتہ
کرکے نشخین اُسکی اُسکو پھونک
کراسے شیر گرم آتش لا
تین دن مین رہے نہ کچھ وہ ضرر

خونک کا علاج

بند حلقوم مو ضع خونک
آبلہ ایک ہو گلے مین نمود
کرتا تاخیر سینک مین نہ نہار
پھل منگا کر تو اُسکو حنظل کا
جو کا آٹا ملا کے تھوڑا سا
شام کو آدھ سیر مرچ سیاہ

لکھتے استاد ہین اسے بیشک
خلط سے زہرباد کے مقصود
خشت کہنہ سے سینک ای ہشیار
بھون کر روز صبح اوسکو کھلا
ایک ہفتہ تلک نہ ذرا گھٹا
پان اورک بھی اُسکے کر ہمراہ

وہی جو ترکیب گلسوہ مین بتا / ویسے ہی اسمین بھی بناکے کھلا
حب شنگرف بھی ہے اسکو مفید / رنج تھوڑا ہو یا کہ ہووے شدید
بے اثر ہو دوا جو آخر کار / اور ترقی پذیر ہو آزار
یا کہ مسدود ہووے منہ کا جوف / دیکھنے سے ہو جسکے دل مین خوف
لے کے سرگین گاؤ اور سابن / بول مین آدمی کے تو حل کر
گرم کر صبح و شام کرکے ضماد / تاکہ پائے وہ پختگی کی سداد
باندھے کپڑا بھی اک لگا کے دوا / تا نہ لیپ اُس جگہ سے پھرا
پختگی پائے جب وہ ہوئے گداز / منہ بھی ہو زخم کا شگفتہ فراز
زیرہ اُجلا ہو ہلدی اک اک دام / تین دن اسمین گندم ای خودکام
اور نمک پنجدام اس مین دے / پیسکر اُسکو مائدہ کردے
زخم کے منہ مین بھر سفوف اُسکا / باندھ اوپر سے اُسکے اک کپڑا
کرکے دو تین دن یہ اسے عمل / پیسکر لیپ پھر تو اسے اکمل
تین دن بھر وہے زخم مین خالی / اور یہ مرہم بنا بخوشحالی
تیل کا لے تیل ڈیڑھ پاؤ ای یار / اور بھلا تو وہ چھٹانک ای ہشیار
تیل مین کرلے سوختہ پہلے / دور کر ثقل تیل سے اُسکا
مرچ اور توتیا لے اک اک دام / کرکے باریک اُسکو کر یہ کام
صابن اس مین ملاکے دہ درہم / ساری اجزا کو تیل مین کر ضم

اور اسی تیل کو لگایا کر
کر کسی بات کا نہ دل مین خطر

باگھنی کولاس کا علاج

اک مرض باگھنی ہے اور کولاس — دُم مین یا بال مین ہو جے وسواس
جڑ سے گڑ جائین اس جگہ کو بال — خون فاسد سے اُسکا ہو وہ بال
ہو عدد اُس مین سر بسر پنہان — دردکا اُسکے کر تو یہ درمان
مینے منگوا مدار کے سپتے — بیس عدد زرد زرد اور پکے
لے کے ہرتال اور سُتم اُلفار — دو نون ہموزن ای جخبتہ شعار
دو پہر تک کھرل مین پیس اُسکو — پانی دے دے کے خوب تا حل ہو
اُنھین پتون پہ کر پھر اُسکو طلا — دھوپ مین رکھدو اُسکو اور سکھا
تیل سے کرکے سیر بھر تل کا — اُنھین پتون کو پہلے اُسمین جلا
پھر کڑاہی کو آگ پر سے اُتار — توتیا آنبہ ہلدی اور آشخار
تینون ہموزن تیل مین کر شل — ایک لکڑی سے نیم کی کر چل
اور ایک پاس اسمین کر حل خوب — پھر اتار کھ اُسے کسی اسلوب
ہو وہ کولاس باگھنی جس جا — پہلے گنڈے سے اُسکو تو کھجلا
ایسا کھجلا کہ خون آ جائے نکل — اور ہو وسے دوا کا اُسپہ عمل
کر طلا پتون پہ مدار کا تیل — جا سے خارش پہ باندھ اُسکو جمیل
تین دن ہون تو کھول پھر اُسکو — پانی لے لے کے خوب اُسکو دھو
پھر لگایا کر اُسپہ مرہم قیصر — دفع کرنے کی ہے یہی تدبیر

مرہم قیصر کا ہے نسخہ لکھا
باب پنجم مین اے جخبتہ لقا

چھبّوین فصل کنار اور سُرفہ اور سینہ بند وغیرہ امراض اور اُسکی دوا کا بیان

کھانے شیرینی اور بہ میل غذا ۔ کھاتا دائم رہے جو سرد ہوا
ہضم ہونے مین ہو غذا کے فساد ۔ ہو نہ بیمار کی کبھی کچھ یاد
دائم اک جا بندھے کرے نہ خرام ۔ ہووے ایسے مرض کو کیون نہ زکام
یا دو بلغم سے ہووے یہ علت ۔ کرے پیدا کنار کی زحمت
عطر ہو یا بار بار اور پانی ۔ ناک سے جاری آب ہو جانی
کھانے پینے پہ ہووے کم رغبت ۔ اور کھلا پھولنے سے ہو وقت
ہے دوا اُسکی ایک لے اکمل ۔ لے لے ہموزن اُسکے سونٹھ اور پیپل
برگ سیمل سمالو کا لے توڑ ۔ کوٹ کر پھر عرق تو اُسکا نچوڑ
کرے پتون کو اک جگہ یا بسم ۔ سونٹھ پیپل کو کوٹ کر مدغم
دے کے مجموع اسطرح ترکیب ۔ پیس لے تر کے خشک بے تعجیب
ہو چلے ناس جبکہ یون تیار ۔ تھوڑی اسمین سے لیکے بے تکرار
بانس کی اک نلی مین اسکو بھر ۔ پھونک دے اُسکی ناک کے اندر
یا منگا ایک ٹاٹ کا ٹکڑا ۔ یا کرے نیلے رنگ کا کپڑا
یا کہ کاغذ کا میرے تجربہ کار ۔ سوختہ اک لپیٹ کر طیار
ناک مین اُسکی دے جلا دھونی ۔ تا نہووے مرض کی افزونی
پیس کر کائپھل کو تو باریک ۔ ناس دے اُسکی تا کرے تحریک
یا کہ بردہ پیسے دو بھر لے ۔ طبع نیک یا دودھ مین کر لے
اور سیندھا نمک لے پیسا بھر ۔ اس مین دے زعفران دھیلا بھر

چھین ان سبکو رکھ لے اپنے پاس
چار دن اسکو اُسکی دیوے ناس

اسطرح ناس دے صبح و شام
رہ نہ باقی نہ اسکا پھر وہ زکام

اور مجرب ہے ایک نسخہ اور
کرکے تیار اسکو دے بخور

چار تولہ منگا لے روغن زرد
گرم کر آگ پر اُسے پیسے درد

شہد ہموزن اُسکے لے ہشیار
کا پھل کا سفوف ماشے چار

کرکے مخلوط یک بیک ہے یہ
پوری مقدار [illegible] پیش کم

اُسکے نتھنوں میں تو پلا بے فصل
اسکے دل [illegible]

سُرفہ کا علاج

باد سے ہووے سُرفہ کی آغاز
ہو فرق دھانس و دھانس کے ناساز

اور علامت میں دونوں ہیں یکسان
یعنی سُرفہ زکام سے زیادہ ان

بلغم ہووے جسقدر بلغم
ہے نتھنوں سے بہہ رقیق اسدم

اسکی مطلوب جب ہو تجکو دوا
شہد [illegible] دو سیر منگا

اُسکے ہموزن دودھ بکری کا
[illegible]

تینوں مخلوط کر لے با ترتیب
اور فرق کو [illegible]

تا بنا دن مجرب ایک دوا
جس سے پارہ [illegible] کی ہووے قبا

دھانسنے کے لیے یہ ہے اکسیر
[illegible] ماشے [illegible] تاخیر

رکھدے ادرک میں اُسکو کر کے جوف
پھیلیلا لے [illegible] میں خوف

بعد دانہ کے کوٹ کر وہ دوا
تین دن متصل اُسے کھلوا

یا منگا سیر بھر تو اجوائن
اپنے پیشاب میں بھگو کئی دن

پر اسے ملکے صاف کرلیستا
کوٹ کر تین دن اسے دینا

اور کھلانے کی اسکی ہے مقدار
پیسے دو پہر پھر بلا تکرار

بعد وانے کے روز وقت شام
تین دن تک برابر ای خود کام

پاؤ لیکر چھٹانک تازی چھال
سہجنہ کے درخت کی خوشحال

کرکے باریک خوب ای خوشخو
صبحدم تین دن کھلا اسکو

اور زمستان میں آگ کا پیتا
پر عدد میں دو جنم توڑ منگا

اور کھلاوے تیار گھوڑے کو
دھاتش کے واسطے ہو نافع وہ

بعد پانی کے یا ملائی منگا
وسے جو اک تین فرنی کو کھلا

دھاتش کے واسطے ہو وہ نافع
کہتے اسکو ہیں دھاتش کی دوا

ضیق النفس کا علاج

خلط صفرا سے ہووے ضیق النفس
لال آنکھیں اور گرم [illegible] ہو نفس

[illegible]
ہو پسینا بھی [illegible]

رکھے اندر کی کا دل پہ ملال
رہے تن پہ [illegible] کا جال

ایک علاج اسکا نیک یاد آیا
اور سند سے اسے لکھا پایا

آٹھ تو لے منگا لے تو ہرا
اسکے ہموزن آنولہ بھی منگا

پاؤ بھر تول کر شکر دیدے
اسکے ہموزن اور چانول لے

کرکے مخلوط ایسے جو ن اجزا
پختگی دے کے تو بنا حلوا

ہو چکے اسطرح وہ جب تیار
اسکو تو شوق سے کھلا ای یار

شیر دمی کا علاج

شیر دم ہو اگر کوئی مرکب — دفع کرنے کا اسکے یہ ہو ڈھب
لے کے دو سیر تو پیاز کچل — اور کتیرا منگا کے اس مین مل
ہو چہارم پیاز کا لیکن — پیس باریک جتنا ہو ممکن
پھر اسی مین اسے مرکب کر — اور کھلا دے فرس کو ای دلبر
پانی دینے کے بعد اسکو کھلا — آٹھ دن تک نہا گے روز نہا
گرمی کرنے سے مت ہراسان ہو — گر خدا چاہے مشکل آسان ہو
بھوسی تو وہان کی لے تو دو دو — صبحدم نول مین بھگو اسکو
جب گذر جائے چار پاس اسپر — اور ہو جائے اسطرح وہ تر
بعد دانے کے ایک ہفتہ تک — روز دینا نہا کے یون بیشک
لینا محنت ہے حق مین اسکے زہر — اور ڈپٹنا زیادہ ہے اسی قہر

دوسرے طریق کا بیان

اور جو کرتا ہو وہ بسدم وہ دم — صبحدم اس دوا کو دے ہمدم
سونف دھنیا لے اور تخم حنا — بابرنگ آنولہ کتیرا منگا
آدھ پاؤ ہر دوا کو لے پیسا ان — کوٹ کر رکھ لے اک جگہ ایجان
جو کے آٹے مین مل کھلا اسکو — صبحدم آدھ پاؤ اسے خوشخو

فواق یعنی ہچکی کا علاج

ہے مرض سخت جسکو ہو ہچکی — ہو وے بدہضمی سے و یا بادی
بادکی غلط سے جو پیدا ہو — سو ہوائی سے دفع کر اسکو

ہے مجرب جو مین دن پیہم | ایک حبہ نہار دے ہمدم
ہضم بد ہے اگر یہ ہووے فساد | اس دوا سے کرا اسکو جلدی شاد
یعنی بھارنگی پیپل اور دیوار | لیک پیپل ہو نو درم ای یار
اور وہ چند ہووے دو درہم | سیر بھر تل کا تیل لے ہمدم
کرکے مخلوط ایک ایک اجزا | بھر کے اک نال مین فرس کو پلا
یا کہ طاؤس کا منگا کے پر | نو درم تول کر لے خاکستر
پاؤ بھر شہد خاک نو درہم | سان کر دونون جسنر و کو پیہم
تین دن تک اسی طرح سے بنا | ہچکی ہو جس فرس کو اسکو کھلا

سینہ بند کا علاج

جبکہ شانہ سے ہو فرس سنگین | سینہ بند اسکو کہتے ہین یقین
ہضم بد سے ہو گاہ گاہ فساد | گاہ بادی سے اسکا ہوا یجاد
یا مسیلہ کھلا کوئی سے الفور | دے سواری کا اوسکے اوپر جور
گشت پائے نہ اور ہو تیمار | ایسی خدمت سے کیون نہ ہو بیمار
ڈالے مچلا کے اپنے وہ اقدام | کھلے قدمون وہ کر سکے نہ خرام
رگ کو سینے کے ٹیکے پھوا انگوٹھے کو | فصد کے ساتھ ریل پیچھے کو
جنبش اپنی جگہ سے گر نہ کرے | ~~بد سینہ سے وہ~~
اسکے کھلنے کی ہے یہی تدبیر | گو فرس ہو جوان یا ہو پیر
کو پلین لے ارنڈ کے منگوا | اور بھاری نمک کچھ اسمین ملا
کرکے بھرتہ پاؤ بھر دونون | جا کھلا اسکو کوٹ کر دونون

سرد پانی نہ دے اُسے زنہار
دُنیا پانی مین ناخوارہ ضرور
تین دن ہو جو اس طرح سے عمل
پاکے پشکل شتر کی منگوالے
گوندھ پانی کے ساتھ یا عزت
بیچ سے یا مدار سے لے چھال
ہو ٹکے بھر سے وزن مین نہ قلل
کوٹ وہ دونون پاؤ بھر گڑ لے
پا ٹکے بھر فقط سنگا ہلدے
اور افیون بھی پیسہ بھر لے تول
اُسی پانی مین سان کچھ آٹا
لینا گوگل بھی چار پیسہ بھر
رکھدے ٹکیہ مین کوٹ کر اجزا
نیچنگی پاکے ہو چکے جب ٹھیک
گولیان اُسکی باندھ کرکے نم
~~گون شا اُسے کہ لا یا کر~~
پاکر منگواکے آدھ پاؤ اسپند
ہووے اجوائن اور گوگل بھو
مال کنگنی لے اور لہسن لے

جوش دیکر نہ کرلے تا تیار
جوشن خالی سے ہو نہ رفع فتور
جائے سنگینی اوسکی اور خلل
آٹا کچھ موٹھ کا بھی منگوالے
اُسکو کھلوا کر دور ہو علت
تھلتھلالے پھر اُسکو اور خوشحال
اور ہموزن اُسکے لے گوگل
کر مرکب فرس کو کھلوا دے
اور ہموزن اُسکے لے بجی
آب خالص مین پہلے اسکو گھول
لینا ہلدی تو دیکھکر آ بنا
اور آٹے کی ایک ٹکیہ کر
اور بھوبھل مین جا کے اوسکو دبا
بیس اُسکو نکال کر باریک
~~بر عدد مین ... مین چھ سے کم~~
جبتلک دور ہو نہ اسکا ضرر
ہلدی آنبہ ہوا اور ہوا سگندھ
سب مساوی لے آدھ پاؤ اسکو
پاؤ بھر دونون کو مساوی دے

پھٹکری اور سہاگہ اور بھی
پھٹکری اور سہاگہ بریان
سیر بھر گڑ مین اُسکو تو ملوا
ہونہ ایزا و گولی سولہ سے
پانی وینا تو کرکے آہن تاب
آب وواندکی اُسکے رکھتا قید
تجربہ کا یہ نسخہ ہے لے یار
توتیا یا منگا کے تولے بھر
پیس سرکہ مین دونون جز باریک
شام کو ایک ایک سحر کو دے

ہے مساوی چھٹانک تول اسکی
کوٹ کر چھان باقی جز ایجان
کرکے یون ٹھیک گولیونکو بنا
صبح اور شام اُسکو اک دے
پرنہ اتنا کہ لائے تیزی آب
نہ تو موجود ہونہ ہو تو میسر
ہونہ غمگین اس سے تو زنہار
پاؤ بھر اس مین دیجے زنگی ہڑ
اُسکی چالیس گولیان کر ٹھیک
اُسکو اچھا اسی طرح کرتے

جوگیرا یا وگیرا آب گیرا سینہ گیر کے علاج کا بیان

وقت ناوقت پا کے جو پانی
ہضم پر ہو نہ کچھ لحاظ اس کے
ایسی علت سے ہووے جوگیرا
سینہ گیر آب گیر اور جو گیسر
گھوڑا پانی مین ڈال کر شیرا
اندک اندک علت وسے مدام
پیچ و تران مین اُسکے نشتر دے
ایک باسن مین آگ پر پگھلا

ہونہ والسلے کی کچھ نگہبانی
خام و پختہ غذا اُسے دیدے
ہر مرض صعب و سخت ہے ہیرا
ان سبھونکی ہے اک ہی تدبیر
دل مین رکھ کر ا سب [illegible]
چابک اچھا نہ ہووہ اسی تھوڑے کام
تخم خنزیر تھوڑی منگوا لے
پا تو ان سے اُسکے سر پر [illegible]

بستہ سورکا گر ملے تجکو کہول پانی مین اور پلا اسکو
اسکی تاثیر کا نہین پایان دینا آرام اسکو ہے شایان
اور مجرب ہے ایک اور دوا آنبہ ہلدی لے سات بہر منگوا
پیسہ دو بہر منگا سہاگہ خام کہائے ہموزن اسکے گوگل خام
پہٹکری کا ہو وزن پیسہ بہر دے دے تو اسکو اسمین یان گر
اس مین اسپند بہی ملا دینا پیسہ بہر تول کر اسے لینا
چار بہر اسمین اور صابن ہو تین گولی بنالے پیس اسکو
ایک گولی نہار دے اسکو دی آب دوا نہ کار کہ خیال اسکے
ہو جو جاڑون مین پیاس سے بیتاب اسکو دے شیر گرم یکدم آب
فصل گرما مین پائے بے تقریر حسب معمول آب لیجے تا خیر

ساتوین فصل بیل اور بدنام ورخنام اور گنتام کے علاج مین

ہین یہ امراض سب بچند اقسام کوئی لکہتا ہے بیل کوئی خنام
کوئی بدنام اور کوئی گنتام پہر تشریح کرتے ہین ارقام
الغرض مین نے سبکی تصریح تا نہو دے سمجہ مین کچہ تفضیح
ہو میلہ گی کی جب گرشت ہوے پیدا آتش اس سے زحمت
دانہ دانہ نمود تن پر ہون گاہ آگے ہون گاہ پیچہے ہون
دست و سینہ سے ہو گرہ پیدا گاہ سر پر گہی پہر دو پا
آگے تو ہون زکام بلغم سے تلخہ حدت سے جا کہ ہون پیچہے
اسکی دو قسم لکہتے ہین استاد ایک نر ایک آدہ کر رکہ یاد

پہلے آگے مین زگرے تسلیط
سر کے آماس کا بہی ہے کہیل
سر سے سینہ تلک کبھی سو جہے
پانون پر گہ کفل پہ لادے یار
ہو تحجر کے ساتھ وہ پیدا
متفجر ہو کرے ریزش
کر کے آغاز مین اگر تدبیر
کرکے اُس مین شگاف سے نشتر
دودھ سینہوڑ کا بھرے منگوا کر
جبکہ بھر جاسے جوف مین وہ تمام
تیل کڑوا منگا کے نیم آثار
نیم آثار توتیا بھی لے
اور طلا کر دے ریش کے اوپر
ایک سو گرگٹ اب بہم پونہچا
دونون سکہلا کے کر سفوف اسکا
چہان کر اُسکو ایک پٹو مین
ایک چلہ کہلا دے تو اُسکو
اور بھی اک دوا مجرب ہے
ہو جو دل مین تو اپنے کچھ بیزار

پچھلے آدھے کے مادہ متفرّیط
کوئی پھوڑے کہے ہر کوئی بیل
پانون شانے تلک کبھی پہولے
آنولہ یا غلولہ کے مقدار
ہو حرارت فرس کو سر تا پا
خلط فاسد کی اسمین ہو پورش
تو یقین ہے دوا کرے تاثیر
کھینچ آلائش اُسکی اوپر سے
پاکہ شیرہ مدار کا لا کر
بعد اُسکے سمجھ کے کر یہ کام
جوش دے لے تنور مین یکبار
ساتھ روغن کے تو تسحق پوسے
پاسے صحت وہ اور ہو بہتر
مچھلی بھی سو عدد مگر چہلوا
ہووے باریک جبکہ سوف اسکا
پاؤ بھر ل چنے کے ستو مین
گشنت بھی لا کام دینا ہو
کہنا اُستاد کا غلط کب ہے
چھال سہجن کی پاؤ بھر لے یار

اُسکی آدھی لے اور مرچین لال　　کوٹ کر دونون چھان لے خوشحال
اور ملا کر اُسے ہلیلہ مین　　کر کے طیار رکھ طویلے مین
دونون وقت اسطرح بنایا کر　　ساتھ دوا سنّے کے تو کھلایا کر
بہر تعداد وہے یہی مقبول　　جب تک اچھا نہو رہے معمول
مادہ وزن کا گو ہے ایک علاج　　وانع پر ایلچہ کا ہے سرتاج
ولغ کہانے سے پھر نہ زائد ہو　　مہلکہ اُسپہ کچھ نہ عائد ہو
ہے مجرب یہ ایک اور دوا　　باہر اندر سے پائے تاکہ شفا
ایک آثار چوب چینی لے　　نصف آثار اُس مین گندھک دے
پاؤ آثار اُس مین دے سیماب　　اور سرمہ بھی آدھ پاؤ شتاب
پہلے گندھک کو آگ پر کر گرم　　سرمہ پارہ پلا نہ کر کچھ شرم
چوب چینی بھی کوٹ کر رکھ ٹھیک　　آگ سے پھر اُتار کر باریک
کر کے باریک سنگ پارچہ بیز　　شہد خالص شکار کے کر آمیز

پہلی قسم کرنگ اور اُسکے علاج کا بیان

شہد کا وزن کچھ نہین ہے ولا　　جس مین کوئی بندھے تو اتنا بلا
وزن گولی کا ڈیڑھ تولہ بھر　　آگ کھلا شام کو ادھ ایک سحر
اور بھی اس کی قسم ہر امیار　　لے علامت سبب کا اسکے شمار
اسپ فربہ کو گر کرے رنجور　　یعنے گرمی مین اُسکو پر دستور
خوب دوڑائے پاچلے منزل　　آئے خون جوش مین ہو تفتہ دل
دانہ دانہ ہون سر سے تا گردن　　پاسے آسکے الم سے رنج ومحن

ہے علامت مین اوسکی مدہوشی — اضطراب دلی و بد ہوتے
سوکھنا ہے مُنہ کا اور عرق لانا — کانپنا ہر گھڑی نہ نیند آنا
ہین علامات گو کہ اس کے سقیم — لیک لکھتا ہے یہ علاج حکیم
چیر نشتر سے ایک دو دانہ — اس ہون پوست کے سے جو دانہ
اُسی دانہ کو دیکھ با صد غور — رنگ پستہ جو ہو تو ہے بے طور
اُسکو کہتا نہین ہے کوئی سعید — ہو نہ اُسکو علاج کوئی مفید
اور سوا سبز کے جو رنگت ہو — اُسکی کرنا دوا مسرت ہو
کر خوشی سے پھر اُس کی یار دوا — عفصل بدنام مین جو مین نے لکھا
یا قرنفل منگا کے لے دانا — پیس باریک اُسکو اور اُٹھا
چیر کر ڈالے اسمین تھوڑی بھر — کچھ پلا اسکو گھول کر سیلے ڈر
رکھ لے یون چند روز تو معمول — تا یہ تدبیر سے وہ ہون معزول

دوسری قسم کریک اور اسکی دوا کا بیان

قسم دوم بھی ایک ہے دانا — ہووے گرمی کی خلط سے پیدا
ظاہر اسلوب اسکا بہتر ہے — کرنا اسکا علاج خوشتر ہے
چھوٹے چھوٹے ہون دانے تن پہ تمام — لاغر اندام ہو بصد اندام
ٹوٹ کر خود بخود ہون خون جاری — ٹوٹے اکثر بزور دشواری
مُنہ کو اُسکے اگر کوئی چیرے — اُسکے اندر سے سوت سا نکلے
قصد سینہ کی اُسکو ہووے سفید — شست سو سے بھی ہو وے گا وہ سعید
یعنی کھرنی کا تو منگا پتا — اور تلی کے برگ بھی منگوا

جوش پانی مین دیکے کرکے سرد — اُسی پانی سے دھو کہ جاے درد
اور منگا کر پھر آنولا ھرا — اُس مین چاول بھی ہو مگر کچا
مین مسا دی یہ ساری آدھ آدھ سیر — کوٹ کر چھان لے نہ کر کچھ دیر
کرلے یکجا یہ سب کی سات خوراک — تیل لیجے آدھ سیر سے اور پاک
ایک حصہ دوا کا اس مین ملا — لیکے نام خدا مرض کو کھلا
ایک ہفتہ اُسے کھلا دینا — تیل ہر روز تول کر لینا
نرکچلا مرچ شہد تینون ملا — تول ہر ایک سیر بھر سوا
پھل بکائن کا اور نیم کی چھال — خشک آدھ آدھ سیر اسمین ڈال
کرکے مخلوط شہد مین اُستاد — گولیان باندھ لے عدد ہشتاد
صبحدم ایک دے اور اک دم شام — گولی جب تک رہے یہی کر کام
اور جو کرنا طلا کا ہو منظور — کر وہ خارش مین جسکا ہے مسطور

آٹھوین فصل ہاتھ اور پانون اور اُسکے متعلقات کو امراض کے بیان

پانون کے گرفتلم مین ہو آماس — یا کہ زانو مین ہووے کچھ وسواس
لے نمک سنگ چار پیسہ بھر — ریع اُسکے ملا مصبر تر
کرکے مخلوط جملہ یک بہم — لیپ کر باندھ دے اسے محکم
یا کہ تالو کی فصد لے فی الحال — تاکہ ہو جائے اُسکا دور زوال

پٹھا پھڑکنے کا علاج

ہاتھ کی بیچ ملی مین ایک پٹھا — جسکے چڑھنے سے ہو بہت ایذا
نام بندی مین لیتے ہین سب سنے — متصل اُس جگہ جو اک رگ ہے

[illegible]

ہو زمین سخت یا کہ ناہموار — اُسکے چلنے سے رگ بھی آئی ہو یا
مستعد ہو کے یہ دوا تو کر — دور یا سے وہ ہووے جب مضطر
بھر کے پانی سے ایک لا ہانڈی — مٹھی بھر اُس مین دے نمک کھاری
گن کے دس اُسمین ڈھاک کر تیبے — ڈال ہانڈی کو آگ پر رکھدے
نصف باقی رہے جب آب سبو — آنچ اُسکے تلے نہ کر پھر تو
پتیان لے لے سب وہ گرما گرم — باندھ اُسکی تلی مین امی ذی شرم
تہ بتہ رکھ کے اُسکو کر مربوط — ایک کپڑے مین باندھ پھر مضبوط
مونج لیکر لپیٹ اوپر سے — اک پوجارا نیا کے تر کردے
اُسی پانی سے اُسکو رکھنا تر — جب وہ سوکھے تو پھر اُسے تر کر
تین دن تک کرے جو تو یہ کام — کیون نہ گھوڑے کو ہووے آرام
پھر یہ دل مین رہے لحاظ ضرور — پونہچے سم پر ذرا نہ اسکے فتور
یعنی گر اسطرح بحکمت بند — تا نہ پھر ڈھونڈھنا پڑے پیوند
گرم پانی سے سم کو نقصان ہو — سم کی تنقیہ کا وہ سامان ہو
کیسہ پوستین سے کر محفوظ — اور حفاظت سے اُسکی ہو محفوظ

چھوپ کرنیکی ترکیب

پٹھا بچھڑکا ہو یا کہ سوجا ہو — چھوپ کرنا مفید ہو اسکو
یا ہی مٹی منگا کے جنگل سے — مینگنی بھیڑ کی مسا دی لے
بول مین آدمی کے سان اوسکو — ہووے بول اسقدر کہ گیلا ہو
ایک ظرف گلی مین اوسکو پکا — منزل درد پر پھر اوسکو لگا

رہنا گھوڑیکا دھوپ مین ہے ضرور ۔ چھوپ کرنے مین ہے یہی دستور
تین دن متصل جو ہو پیہم ۔ صاف جاتا رہے وہ درد والم
یا بکائن کی نیم منڈہی کی ۔ تازہ منگوا لے توڑ کر پتی
کھود منگوا لے مٹی کولھو کی ۔ اور ملادے پھر اوس مین کچھ بھی
پیس باریک تو اُسے یک جا ۔ اُسکو پکوا کے چھوپ ہو شفا
کھول گھوڑے کو دھوپ مین ٹہلا ۔ سوکھ جاوے نہ جب تلک کہ دوا
یا کہ افیون منگا کے اور گیرو ۔ دونون ہموزن پیس لے خوشبو
تیل کڑوا منگا کے اس مین ملا ۔ رکھ اُسے پھینٹ کر بس اے دانا
درد و آماس دور دو پُر ایجان ۔ سُم ترا تو تلک نہین امکان
اُسکے ملنے سے پھر رہے باقی ۔ ہو فقط یہ دوا اُسے کافی
کرکے مالش دو وقت با تاکید ۔ رکھ حفاظت سے اُسکو با تاکید
تین دن اسطرح کرے جو عمل ۔ اُسکا جاتا رہے تمام خلل
کہتے ہین اس دوا کو لے عاقل ۔ بعد اُسکے علاج ہو مشکل
یعنی گیرو کا ہو عمل جیسا ۔ کرے اُسپر اثر نہ اور دوا
اُوسکو کرتے ہین لیک آخر کار ۔ جبکہ معذور ہو کہے بیطار

بیرہڑی کا علاج

ہو کلائی مین ہاتھ کی پیدا ۔ بیرہڑی وہ نام ہے جس کا
استخوان ہے وہ تابی نشتر ۔ یا کہ تیر کمان خدنگ جگر
بے تکلف نہ چل سکے گھوڑا ۔ اُسکے ہوے الم کا وہ کوڑا

لے کے افیون تباشے کی دو چند
ایک ٹکڑے پہ ٹھیکری کے لگا
کرکے پہ گرم باندھ ہڈی پر
غالباً ہووہ استخوان مسدود
کوٹ مصری تو ایک تولہ بھر
پاکہ گردہ منگا کے بکری کا
باندھ ہڈی پہ کچھ چھڑک کر نمک
پاکہ تھوہڑ کی ایک ڈالی لا
اور سیہ صابن لگا کے ہو بے غم
چوب پاکر کے تیل سے خوشخو
یعنی ہاتھوں سے چیر لے نشتر
استخوان نشتر سے کر تمہید
اُس میں کچھ بھی مضائقہ نکرو
جوش دیکر دھتورے کے پتے
یعنی رکھ منھ پہ زخم کے تپا
اُسی کپڑے کو باندھ اوپر سے
کر حفاظت میں اُسکی تو نہ خطا
منھ لگائے فرس نہ پٹی پر
ہو جو اُس سے مواد کی ریزش

دونوں باہم ملا کے دانشمند
آگ پر ٹھیکری کو پھر پکوا
چند رہنے دے یہ اے دلبر
ورنہ پھر فکر دوسری کر زود
باندھ پیہم بدفع رنج و ضرر
تھلبھلا آگ پر اُسے سے لے آ
مردہ ہو جائے وہ تو کیا ہے شک
تھلبھلا آگ میں اُسے کچا
باندھ ہڈی پہ سات دن پیہم
قطع کر پوست اُس جگہ کا تو
شیرہ سینہوڑے کا اُس میں تو بھر کر
شیرہ بھر بھر کے اُس میں باتاکید
استخوان نشتر ہو یا کچھ ہو
رکھ کے دو چار برگ اوپر سے
اور بھگا آب جوش میں کپڑا
ویسے ہی ایک ہفتہ رہنے دے
پٹی اپنی جگہ سے ہو نہ جدا
کرنے پائے نہ پانوں سے اتر
پلو پچھ اُسکو نہ اُسکو دم جنبش

بعد ہفتہ کے کھول لے زیرک ہے جوڑا تر وہ استخوان بیشک
کرکے آرام ہو وے تا معلوم اور نہ اُسکا نشان ہو معلوم

بجر ہڈی کا بیان

اور سوا اُسکے سُن لے بے وقت بجر ہڈی ہے دوسری علت
بند زانو مین استخوان ہے بجود ہو وے وہ مثل تخم سرا فزود
درو کے ساتھ مین یہ ہووے پدید پیر ہڈی سے بس صلیب و شدید
ہے مگر اُسکے واسطے یہ دوا تیجی اور مرچ اور پیپل لا
سونٹھ ہیرا کسیس اور سا نبھر تو نڑی بھی ہے اسمین لے دلبر
اور نمک سنگ بھی ہے اسمین جزر تول لینا مساوی با تمیز
کرکے باریک اور اسکو چھان آکہ کا دودھ لے کے اُسکو مان
اُسی ہڈی پہ باندھ کچھڑنے کر جسطرح مین پتا چکا اوپر
یہ ہدایت ہے تجکو اور نشان پھر بندش اور احتیاط بجان

زانوہ کا علاج

اُبھرے گھٹنے پہ کوئی گر ہڈی زانوہ ہووے یا بجر ہڈی
فرق آتا ہے اس سے اسمین یار ہویہ سر بستہ اور کنگرہ دار
پچھنے دلوا تو اس جگہ بے حرف نیل ہرتال توتیا شنگرف
اور چیلی کا تیل اور پھٹکری لے لے پتھر کورن کا تو بے لاگ
اُسی پتھر پہ پیس یا روغن کر لے تعداد وزن لے پرفن
اپنے ہاتھوں سے خوب مل ملکر آگ سے سینک کر پھر اُسین بھر

کر اسی طور روز صبح و شام
داغ بھی اُسکو ہے لکھا نافع
داغ کی شکل سے کردن آگاہ
تین نیچے دے تین اوپر دے
درمیان اسکے ایک خط سیدھا
بعد ازان تین داغ حلقے کے
یا کہ زقوم خاردار کی ڈال
پھلپھلا کر پھر آگ مین اوسکو
باندھ محکم اُسے شبانہ روز
صبحدم باندھے صبحکو پھر کھول
یقین ہے کہ اُس سے ہووے گا دور
یا بتا دون عجیب ایک دوا
ہے بیشک مجرب استاد
تیل ڈھی چکاول و پشتک
پیچ دن سے رہے نہ پھر باقی
[illegible] جیسا گوڈے کا
[illegible] ڈال اُسے [illegible]
کر کھول اُسکے سے چپٹی [illegible]
پہلے کر صاف بال اُس جا کا

جب تلک پاوے وہ فرس آرام
ہووے عجلت سے اُسکا دفع وبال
تا نہ اس سے بھی ہو کوئی گمراہ
حلقہ حلقہ سا داغ اوپر سے
داغ نیچے پھر اُس سے ہو دنیا
خط کے نیچے پھر اُس سے چاہیے لگے
موڈ کر استرے سے وانکا بال
رکھ اُسی استخوان پہ اے خوشخو
داغ کرنا اگرچہ ہے پُر سوز
تین دن تک اسکی میزان تول
دوسرا پھر علاج ہو ضرور
کیونکہ بہر شو کے جس کا
زانو پیچ دین سے ہو برباد
پڑھ اور موڑا بھی سب بیشک
آنکھ اٹھا کر تو دیکھے ہو نا تی
وزن مین آدھ پاؤ پھر دوا
کر لے [illegible] ار نشک و تر
سوکھے [illegible] تو عرق کو دم پھڑکیا
اور پچھنے بھی اس جگہ دلوا

لے دوا تھوڑی دھوپ مین رکھدے — چند سے قطرہ بھی دے کر لیمو کے
آئے حدت مین جب مزاج اُسکا — اُس دوا سے کر اس جگہ پہ طلا
باندھ پتے ارنڈ کے محکم — ہون نہ ہرگز بجا اس سے وہ کم
باندھ رشتہ سے پھر اُسے مضبوط — تاکہ وہ تین دن رہے مربوط
تین دن ہو چکین تو اسکو کھول — اور پانی مین زرد مٹی گھول
کر اسی کا ضماد پھر پیہم — پائے آرام تا تڑا دو ہم
اصطبل سے نہ کھول اُسے زنہار — جب تلک اچھا نہ اُسکا ہو آزار
شدت آماس کی جو آئے نظر — اُس سے ہرگز نہ دل کو کر مضطر
اور اسی لیپ کو لگایا کر — رفتہ رفتہ وہ تاکہ ہو خوشتر
پڑنے پائے نہ زخم پر پانی — شرط ہے احتیاط اے جانی

ہڈہ کا علاج

جس فرس کی کہ ہڈی ہو دے نمود — کر یہ آگے لیے دوا موجود
توتیا اور ماش کا آٹا — مغز تخم ارنڈ بھی منگوا
اور نمک سنگ بھی منگا ایجان — چار تولے ہر اک کو لے یکسان
کوٹ سب ادویہ بنا ٹکیا — سان آٹے مین اور اُسکو پکا
تاپہ آہستگی پہ پختہ کر — ایک جانب فقط آسے دلبر
باندھ ہڈی پہ رکھ کے الٹی کر — خام نیچے ہو پختہ ہو اوپر
تین دن تک رہے وہ اُس پر بند — کھلنے پائے نہ اُسکا وہ پیوند
تیسرے دن کر اُسکو پھر توا — اور پکا کر اسی طرح ٹکیا

اسی ڈھب سے پھر اسکو گرما گرم — باندھ اسپر اگرچہ لائے ورم
کرے پارہ اسی طرح سے عمل — تاکہ باقی رہے نہ اس کا خلل
تخم شق کی اگر کرے بنیاد — گھی فقط دھوکے کر اسی کا فساد
گل آرمن لے اور کشتۂ شاخ — ہے وہ امراض کے لیئے سلاخ
اور کشتہ سے ہے مراد اس جا — آگ مین کرکے خاک شاخ جلا
المضاعف ہے گل کی خاکستر — سان پانی مین اور عسل لا کر
کرنا لیموکے اسکو ہم مقدار — ایک گولی کھلانا وقت نہار
ایک ہفتہ سے کم نہین تعداد — کر تحمل کرے تو کر ایزاد

موتڑہ کا علاج

جس فرس کے ہو موتڑہ کا خلل — ایک دوا اسکی ہے بہت اکمل
لے امربیل چار پیسہ بھر — کوٹ کر گڑ ملاوے اے اکبر
پہلے اسکو کھلاکے دانا دے — پھر تو بہتر ہے کوئی دانا دے
متواتر کرے جو یہ ترکیب — کرے اسکو دوا یہ نفع عجیب
پاکہ حلتیت زرد چوب اشخار — سیندہ کا لا نمک بھی لے اے یار
ہووے حلتیت تین پاؤ ایجان — ایک پاسن مین کرا سے بریان
تول کر ڈیڑھ سیر ہلدی لے — کوٹ ستوی اسکو تو کر دے
تول اشخار اور تول نمک — دونون آدھ آدھ پاؤ اے زیرک
آسیا مین ہر اک دوا کو پیس — رکھ لے اسکی بنا خوراک اکیس
روز لے اک خوراک اسکو کھلا — گڑ ملا آدھ پاؤ اس مین ملا

پاک منزکر بج اور کشکی
کا بچل پیپل اور زیرہ سیاہ
اور سہاگہ بھی ہو مگر بریان
پیسکر اُسکا تو سفوف شتاب

پیپلامور مرچ کالی بھی
گھوڑبج اور تخم سودا ای ذیجاہ
تول ہر ایک آدھ سیر ایجان
پاؤ بھر روز وسے دم پیش از آب

پیشاب اور چکاول کا علاج

ہووے پیشاب وپا چکاول ہو
گرم ہڈی کو کرکے اُسکو سینک
چاہیے اس سے دفع ہو پیشاب
یعنی بال اُس جگہ نہووے گا
یا ہو پیشاب چکاول اب جس جا
پیچھا دلوادے گو ہو اُسیر تھر
اور شگا جسٹر مدار کی تازی
چھیل کر اُسکی چھال امی ذبیہ غش
اور پکا اُسکو آگ مین یک دم
پٹی اک باندھا اس طرح مضبوط
پاؤں چھوٹے تو مضطرب تو ہو
دبر جو آ ماس اُسکے ہو جیسے تر
پشکری ہون اور سے مسکا
اُسی آماس پر کر اُسکا ضماد

استخوان شتر سو سینک اگر
ٹوٹ جائے نہ جب تلک تو پھینک
پھر ملا اس دوا مین اتنا نمک
نسخے کو کتنے کوئی کم دیگا
بال وان کا کسی سے تو منڈوا
تاکہ جاری ہو اس سے خون کی نہر
کرنہ اس مین تو کچھ دغا بازی
پیش پیشاب مین آسے یا ہوش
لیپ کر اس مقام پہ پیہم
ایک شب و روز تا رہے مربوط
ایک ہفتہ کر اس طرح اُسکو
پھر تو اُسکی دوا یہ کر بیٹے کہ
اور ملا اسکے دونون کو یکجا
نفع اُسکو ہو اور تو ہو شاد

پاکے بیسے کا اک بتاکے گڑا — پانون مین ڈال دہو رہبو دہ پڑا
پارے اُسکے پاکہ ہو پا مال — پاگرتا ثیر سے ہو دور تر دو ال

بیضہ اور کانا کا علاج

دونون تجنیس مین یہ اسے دانا — ہووے بیضہ وہ پاکہ ہو کانا
چونہ مسکہ منگا مسا دی تو — کرلے مخلوط دونون سے خوشبو
اُس پہ جس جس طرح سے مالش ہو — کنڈہ لیکر جلا اور سینک اسکو
نیچے رکھکر انڈے کے دو چار — کرلے سربستہ اُسکو ای ہشیار
پاکہ صابن بھلانوہ ای ہشیار — توتیا آنبہ ہلدی اور اشخار
جلہ ہوزن ہمعنان ہم سنگ — آب خالص کے ساتھ کرکر رنگ
یعنی کرا سکو دور کر اُسکو ملا — اُسی ترکیب سے جو پہلے لکھا
پا یہ مرہم بناکے روز لگا — ہلدی اور مرچ نیب کا پتا
وزن ہر ایک ایک پیسہ بھر — پاؤ بھر تل کا تیل اسے سرور
آگ پر تیل مین وہ سبکو جلا — کرلے حل اُسکو دور کر ٹھنڈا
موم کچھ دے کے منجھ کرلے — بہر کار او سکو مستعد کرلے
زخم کے واسطے بھی ہووے مفید — کرلے ناسور کو بھی دم بھی سعید

رسولی کا علاج

ہو نہ ہرگز رسولی کا سامان — جب تلک رس نہووے بند ایجان
پانون مین اُس سے ہو کبھی آماس — پاس ہو گہ بغل کے یہ وسواس
اسکے ہووے بغل سے ای ہمدم — استخوان سے ہو شانہ کے باہم

[illegible]

کیا ہے آماس ہے وہ اک گردہ
پہلے کر لیپ تین دن اسپیر
کالی زیری مصبر اور تھیلا
پشم پیشاب مین کر اوسکو گرم
ہوئی آرنڈ بھی رکھ اسپہ ضرور
یا کر نشتر سے کرکے اسمین شگاف
لے جو اکہار اور بھی کہار
او ور کر اسکے تخم کو آس سے
پیس تو اسکو لیپ کر جلدی
یعنی اجوائن اور لسن سے لے
دونون لے کر مساوی بعد اسکے
یہ بھی ہموزن ہووے سہ سہ دام
لے کر گلقند چار پیسے بھر
اور نہاری کے بیشتر بنوا
تین دن ہو تو لیپ کے اجزا
اور مجرب ہے ایک نسخہ اور
روے آماس کو چھری چیر
توتیا صابن اور نوسادر
وزن کا حال کیا کرون مرقوم

خود بر سر کشیدہ تن نہ زرہ
لیپ اس سے کوئی نہین بہتر
زربھی بھی مساوی سب منگوا
چھوپ ہاتھون سے کرنہ اسمین ترم
تاکہ ہو تین دن مین رفع فتور
کرکے اسکا مواد بالکل صاف
ایک پہل بھی کہجور کا ای یار
تول کر تینون جز مساوی لے
اور بنا اسکے بعد یہ لبڑی
تول کر چار دام دونون دے
تول سیندھے نمک کو پیل دے
اور بنا کر سفوف کر یہ کام
کرکے مخلوط سب کو اسے دلبر
ایک ہفتہ تلک اسے کھلوا
آب لیمو مین پیس اسپہ لگا
کر بنا نہ مین کچھ نہ اوسکے غور
اور یہ بیرنگی اس مین کر تدبیر
اور شنگرف بھی ہو اسے دلبر
ہے مساوی تمام کر معلوم

پیس باریک خوب سرمہ سا — پہر اسے نل کے تیل مین پکوا
ایک باہن مین اسکو تو رکھ کے — زخم کے منھ مین روز بھر بھر کے
جب تک اچھا ہو وہ اس ہمدم — پیسہ اسپر لگا یہی مرہم

فیلپا کا علاج

پہوسے گر پانون گندگی کے ساتھ — پاکہ ہو جاوے اس طرح کا ہاتھ
چلتیان پڑہ کے اس مین آخرکار — جا بجا ریش ہو کے کرے آثار
زرد پانی کے ساتھ ہو جاری — ریم چلنے مین ہو فرس عاری
جا بجا داغ ہووے اگر اسکو — کیا عجب ہے کہ اس سے اچھا ہو
حب مشک گرنجی عشر کو کھلا — مرہم فیلسر کا گر اسپہ لگا
ہو یہ تدبیر اسکی گر یکچند — ہے یقین تا کہ اس سے ہو خورسند

نوین فصل سم کے آزار اور اسکے علاج کے بیان مین

اسپ سے نعل گو نہ باہر کر — تا بقدر دو تہان سے دلبر
نعلبندی مین ہوا گر تا خیر — اور سوا ہی سے سم نہ ہو تقصیر
گہتے گہتے وہ اتنا چوڑا ہو — پیر باقی رہے اونٹا ہو
سم کو ہوا اور قطع کر اسکو — چھیل کار دسے تا برابر ہو
اور منگا لا کہ قند شہد ایجان — جملہ ہموزن لے کے پوک دہان
سم اٹہا اور سفوف اسپہ بچھا — آگ سے سینک اسکو گلا
کر مسطح توا اور رکھ چمڑا — سم کی مقدار مین اسے ترشا
انڈے کا سفوف بھی سے کر — اسی چمڑے کی تہ مین کچھ دیکر

نیچے چمڑا رکھ اور اوپر نعل ۔۔ بیچ میں اسکے کرے سیاہ ہو تو حضال
پھر مکرر اگر یہی تدبیر ۔۔ سم ہو سخت اور درد از سبب تقریر

شقاق سم کا علاج

سم میں گھوڑے کے ہو اگر کچھ زخم ۔۔ چاہیئے کرنا اسکے اوپر رحم
ہو جو تر قیدگی سے مشکوہ نیخ ۔۔ راہ چلنے کا وسے نہ اسکو رنج
اور یہ ترکیب کر کہ اچھا ہو ۔۔ چاروں سم سے وہ اپنے چلتا ہو
پھٹکری توتیا ہو ہیرا کسیس ۔۔ تینوں ہموزن اور اسکو پیس
ثلث تینوں کی ستون مکھی سے ۔۔ عرق لیموں و چونہ خالص ویسے
پھینٹ چونے میں پھر تو چاروں کو ۔۔ باقی لیموں کو بانٹ یاروں کو
کر کے لیموں سے تر وہ جا ہو شقاق ۔۔ پھر پھیر دے تر وہ سے فلاق
باندھ کپڑے سے اسکو تو محکم ۔۔ اور رکھ ستے نگاہ میں وہ دم
یعنے جسوقت آج باندھا ہو ۔۔ باندھ کل سر بھی کھول کر اسکو
ایک ہفتہ یہی بپا سے کر ۔۔ گر خدا چاہے جلد ہو بہتر

سم خارا کا علاج


جسکو کہتے ہیں لوگ سم خارا ۔۔ اسکا انداز ہے یہی سارا
آبلوں سے ہو سارے بستی چور ۔۔ گھوڑا چلنے میں ہو بہت معذور
دفع کرنے کی اسکی یہ ہے سبیل ۔۔ پہلے پتلی کر اسکے خوب سا چھیل
پھیلا سینگ کو اسے تول ایک چٹانک ۔۔ پاؤ بھر تل کے تیل کی ہو تا تک
اسے سانکھی ہو ہیچ پھیلا ہی بھگا ۔۔ تو کر پاؤ پاؤ زنکہ یک جا

[illegible]

سرہی، دہو کا ایک منگوا سے
اس مین دو تولہ مصطگی بھی ہو
اور سیندور ڈیڑھ تولے ڈ
اکتھہ پڑیا کمیلہ مردار سنگ
مٹی سلنے کی ڈیڑھ تولے لے
توتیا ایک تولہ اسے دلدار
لے لے سنگ جراحت اور توشخو
اور صابن بھی ایک چھٹانک منگا
کرتیار کے کی آسکے یہ ترکیب
پتہ اور موم تیون روغن سے
موم اور پتہ پہلے دونون گلا
چھان کپڑے مین شفل کو کر دور
سرکو ردہو کے پھر جلا اس مین
آگ سے پھر اوتار کر فی الحال
اور دوا کا سفوف اس مین بلا
مثل مرہم وہ جبکہ ہو طیار
یعنی کر لیپ ساری پتلی پر
ایک کپڑے کا اسپہ ضامن دے
اور توے دار نقل سے ہشیار

تیل سرسونکا پاؤ بھر دسے دے
ڈیڑھ تولہ ہو افیون لے خوشخو
رال دو تولہ اس مین جلد ملا
ڈیڑھ تولہ ہر ایک ہو سرنگ
چھالیا بھی جلا کے اتنی دے
موم بھی آدھ پاؤ لے تکرار
اور سفیدہ ہر ایک تولے دو
مجتمع کر کے سارے یہ اجزا
جیسے لکھتا ہون مین سے تادیب
ایک باسن مین آگ پر رکھدے
پھر بھلانوہ کو ڈال اس مین جلا
تیل پھر جوش کر اسی دستور
استخوان جل کے سب جدا ہوین
تیل سے استخوان کو پھینک نکال
چوب کندہ سے خوب اسکو ہلا
کر دے اسکا ضماد لے تکرار
کر کے اندک تامل لے دلبر
چکنی چمڑے کی اسپہ پھر رکھدے
رکھ کے اسپر سے باندھ آخر کار

نقل ہو اسطرح کا اے خود کام ‖ کرتا ہون جسطرح سے مین ارقام



پندرہ دن کے بعد کھول اسکو ‖ باندھ پھر اسطرح کہ اچھا ہو
داغ و سینے سے بھی ہو رفع فتور ‖ اور دوا کچھ نہ اسکو ہو درکار
آلہ آہنی کو کر تیار ‖ داغ ہر آبلون کو کرکے شمار

کف گیرا کا علاج

حال کف گیرا کا لکھا اوپر ‖ اب بتاؤن دوا سو اسکی کر
لاکے ہموزن چونہ اور ہرتال ‖ تیلیون پر چھڑک یہ آب زلال
لیمون کے یا عرق مین پیس اسکو ‖ تاکہ لائق ضماد کے وہ ہو
تیلیو پہ ضماد کر ہمدم ‖ باندھ کپڑے سے تا کہ محکم
گل کے نکلے یہ جب تلک پتلی ‖ تو نہ کھول اسکے بند کی ستلی
باندھ دو چار دن یہ پٹی مرام ‖ جب تلک ہو گیا خشک بالتمام
بعد ازان کھول کرکے پھینک اسکو ‖ خشکی اسپر چھڑک کہ اچھا ہو
نسخہ خشکی کا ہے لکھا اے یار ‖ فصل نکتہ مین جاکے بے تکرار

خوردگاہ کا علاج

ہووے علت سے بادلی گاہ ‖ وان پہ ایڑی کی ہے جان بگاہ

درد کے ساتھ اسمین ہو آماس
ہو دوا اسکی جب سمجھے درکار
چرب روغن سے پہلے کرا سکو
کو بلیلے کچھ انڈے کی منگوا
تین دن تک رہے یہی معمول

پاؤن کھنے مین اوسکو ہو دوا سس
یہ دوا اسکی کرشہ ہو بیزار
تاب وہ ددی کی سینک اور خوشخو
رکھ کے آماس پر اسے بندھوا
تاکہ جائے وہ درد اپنا بھول

پیچ اور سنگریزہ کی ایذا کو دفع کرنے کیلئے سنگ تاب کی ترکیب

سنگریزہ ہو یا کہ ہووے خار
سم مین پہنچے جو اسطرح ایذا
خشت کہنہ منگا کے آگ مین ڈال
اور یہ کام کر کہ کپڑے سے کی
اور نکلوا کے اینٹ گلخن سے
پاؤن گھوڑے کا پھر برابر کر
تھوڑا تھوڑا چھڑک پھر اسپر آب
اس بچارے کا سنگیادہ ہو نام
تاکہ بھول جاوے سم کے تلے

پیچ چڑھ کے لگے کوئی گر بار
لنگ ہو اوسکے پاؤن مین پیدا
گرم کر اسقدر کہ ہووے لال
تہ بتہ کر کے اک بنا گدی
اسی گدی کو اینٹ پر رکھدے
رکھدے گدی اور اینٹ کو اوپر
تاکہ گرمی سے وہ پہونچے تاب
اُسکے کرنے سے جلد ہو آرام
کہتے ہین وہ بھی دور درد کرے

ترکیب دوسری سم کے مضبوط ہونے اور بوسیدگی کے دفع کرنیکی

ٹلیس کو ساتھ ہو برورست کا
سم کی پیدائش سے عاری ہو
راہ چلنے مین ہوئین سم درہم

یا کہ آجانے دن ذہولت کا
قوت ملتقہ سے خالی ہو
پر نچے اوسکے اگر چلین پیہم

اُسکی تدبیر کا جو ہو عازم — کرنی تدبیر اُسکی ہو لازم
سیندور اور لاکھ موم زرد اور رال — تیل مین تل کے ہین بالا جال
انگلیون سے اُسے مرکب کر — جوف مین سم کے بھلے اوسکو بھر
اسیطرح سینک سم پہ لگا — جسمین گا نجر ہو گل کے ساری دوا
باندھ کپڑے سے اُسکو لے دلبند — تا نہ پہنچے اُسے گزند و پچند
حالت اعتدال حاصل ہو — پچنگی مین سم اُسکا کامل ہو
نیچ یا سنگریزہ ہو حبار — اس عمل سے فرو ہو سب یکبار

سم سے خون منجمد نکالنے کی ترکیب

گھوڑا دوڑے جو سخت جاگہ پر — خون سم مین ہو منجمد اکثر
اس سبب سے اسے اذیت ہو — لنگ کرنے کی اُسکی نیت ہو
مضطرب ہوکے توڑے پانون اوٹھا — کانپے جسمین تھان پر وہ کھڑا
گھی منگا اور سم کی کر تدبین — بعد اُسکے یہ کام کر بے کین
لید بھرلے کے سم کے تحت اور فوق — چھوپ کر دے تمام با صد ذوق
اور کپڑے سے خوب سم کو چھپا — تا نہ لید اس جگہ سے جُدا
تین دن اسطرح دو وقت کر — پھر بھیارہ دے اسکو لے دلبر
یعنی کر سینک اُسپہ سبے تقریر — جسطرح کر چکا ہون مین تحریر

سم سے رس جاری کرنیکی ترکیب

چاہیے سم سے گر اتراوش ہو — رس کے بہنے کی خوب سوزش ہو
سنے کے اجوائن اور قند سیاہ — وزن مین دونون جز کی ایک ہمراہ

ریح دونون کا ہو سہاگہ خام ۔ میان سے کوٹ کر سپے انجام
پتلیون مین تمام اسکے بھر ۔ گری کپڑے کی ایک اوپر دھر
اور بناکر کے ٹاٹ کا کیسہ ۔ سم کو رکھ اس مین کرلو سربستہ
تین دن اسطرح رکھ اسکو بند ۔ تاکہ اسکا نکالے وہ پیوند
صاف یا کرکے پتلیون کا جوف ۔ پھر نمک اور سہاگہ ہو بے خوف
پر نمک کھاری اور سہاگہ خام ۔ وزن مین ہو مساوی پھر چھوڑ دام

رس کے بند کرنیکا علاج

اسکو کہتے ہین خاص و عام رسا ۔ ہیر تصریح مین نے نام لکھا
ہو تو وحش چوپایون مین کیا ڈر ۔ بلکہ گھوڑے کو حق مین ہے بہتر
خوب حالکر ہے جسکا رس ۔ لون کھاری چھڑک دو اسپر بس
پتلیون سے بھی وہ یک تا چند ۔ نکلے آلایش اور ہو در بند
بند کرنا ہو جب سمجھے دو رکار ۔ ہلدی اور چونہ پیس کر تیار
جوف مین پتلیون کے اسکو بھر ۔ تاکہ ہو جاسے بند اس کا در

دسوین فصل کمر کی بیماری اور اسکی دوا کے بیان مین

ضرب کھا کرکے ہو فرس رنجور ۔ یعنی ہووے کمر سے وہ معذور
یک بیک کھائے وہ کہین لچکا ۔ آسکے اسکی کمر مین کچھ دھچکا
جلد تدبیر کر کہ اچھا ہو ۔ کچھ بکاد یجئے مین چانول کو
یک لگن بھر کے بیچ سے اسکی ۔ اور ہو سکے بنائے وہ ٹھنڈی
پھر الٹ کر تو اسکی دم کا بال ۔ دم کی ڈنڈی پکڑ کے بیچ مین ڈال

تھام ہاتھون سے دم کو تو مضبوط ‏ رہنے دینا پچھاڑی کو مربوط
کھائے نجوطہ وہ ایک لحظہ خوب ‏ راست آجائے اسکا تا اسلوب
پھر تو پابند کھول ہو تو جبہ ا ‏ چھڑ چھڑائے وہ تا بدن سارا
دل لگا کر کرے اگر یہ کام ‏ لچکا جاتا رہے سلے آرام
پار منگوائے مغز ریندی کا ‏ اور وہی مین فقط اسے پسوا
جبکہ پسکر وہ ہو چکے تیار ‏ موضع درد پر مل لے وہ لوار
تین دن تک اسی طرح سے مل ‏ درد جاسے کرے ابکی نکل
روز چارم جو تجکو تو اہش ہو ‏ گرم پانی کے ساتھ دھو اسکو
ہو جو آماس یا کہ شق لے جان ‏ دیکھ مضطر نہو اسے انسان
یا کہ لے ایک سیر برگ سداب ‏ سیر بھر تل کا تیل خالص آب
تینون موزون دیگچہ مین سلے ‏ آگ پر دیگچہ کو پھر رکھدے
پانی اور برگ سوخت جب ہو ‏ تیل باقی رہے اتار اسکو
ایک باسن مین رکھ لے اسکو اٹھا ‏ جب ضرورت ہو تب اسیکو لگا
درد کے واسطے یہ ہے اکسیر ‏ کچھ کمر کی فقط نہین تدبیر
یا عسل سیر بھر لے اور کافور ‏ پاؤ بھر تول کر لے مغرور
دونون یکجا ملا کے کر مخلوط ‏ مثل مرہم وہ تاکہ ہو مربوط
اور کمر پہ فرس کے کر تدہین ‏ کچھ ضرورت نہین کہ ہو تسخین
کھال بکری کی اک کمر پہ ڈال ‏ باندھ ایسا کہ تا تھوڑے کھال
یعنی ہر گوشہ مین لگا کر دور ‏ باندھ نرمی سے اور نہ کر تو زور

اور گھوڑے کو دھوپ مین لے کر   باندھ جبتک کہ وہ ہو مضطر
جلد پورا کرا سطرح لے یار   کھال تازی ہو روز بے تکرار
ہو کرے وہ اپنی سنکر   پائے آرام اور ہوئے غم

باوگیرہ کے علاج

بادسے ہو کمر مین گاہ گرفت   دیکھکر جی مین آئے تجھکو شگفت
پیٹ لٹکائے اور پیٹھ جھکائے   درد تن سے بہت وہ ایذا پائے
خشک ہو جائے پیٹھ پیٹ اوسکا   جلد منگوا کے تو بنا یہ دوا
تیل کڑوا منگا لے نیم آثار   اور کیلا تو وہ چھٹانک بے تکرار
توتیا بھی منگا لے تولے دو   قدر کافور کی بھی اُتنی ہو
توتیا رسکپور تو پیسوا   باندھ تو پوٹلی مین کر کیا
کر کڑاہی مین تیل اور بھیلا   آنچ پر رکھکے اوسکو خوب جلا
پھر تو اُن پوٹلیون کو تیل مین ڈال   ایک اس مین ہے اور ایک نکال
ریڑھ سے لے کے جوڑ تک دُم کے   یون پیا پے تو سینک اسکو دے
گرم رہنے سے تیل کے مت ڈر   اُسکے جلنے سے خوف کچھ بھی نہ کر
پر فقط ایک دن یہ کرنا کام   پڑے چھوڑا دیا کہ ہو آرام
اور مجرب ہے ایک نسخہ اور   تیل تل کا منگا لے تو بے غور
سر بسر تیل مل کے سینک تمام   بعد اسکے کر اس طرح یہ کام
یعنی جو کھارا ور تل کا تیل   جوش پانی مین کرنہ جان اسے کھیل
پانی پینے کو دے وہی اسکو   تا وہ اچھا ہوا ور تو خوش ہو

اور تیبوہ کی جڑ منگا دو چار — تل مقشر لے سیر بھر لے یار
سیر بھر شہد و دودھ نصف اوسکا — دودھ مین دے کے سبکو پیس اکجا
اور ملوا کے شہد لے ہمدم — جا کھلا صبحدم کہ ہو خرم

سندؤ کے آماس کا علاج

سندؤ پر جو ہو ورم پیدا — چکنی مٹی منگا کے لے دانا
سان پانی مین سندؤ پر رکھ — اور مزہ اسکے فائدہ کا چکھ
یا کہ نرم کرکے اسبغول ایجان — سندؤ پر لگا کہ ہے آسان
یا کہ صابن اور گرم پانی سے — اُس سے ململ کے تو ورم دھولے
یا کہ سرسون کا تیل اسپہ لگا — یا کہ آپ شبینہ سے دھلوا
یا کہ دودھ اور نمک کو دیکر جوش — مل ورم پر تو اسکے اے ذی ہوش
گر تدریج تو کرے یہ ڈھنگ — سندؤ اسکا لاکے اصلی رنگ
ہے یہ ترکیب سب کی سب اچھی — کر تو جی سے اسے نہو بلے جی

سندؤ اور پیٹھ کے زخم کا علاج

پیٹھ گھائل اگر فرس کی ہو — کرہی سب دوا کہ اچھی ہو
گج پُرانی کا لے منگا چو تا — تیل کڑوا بھی گج کا پر دونا
پانی دو سیر اور دہ دو چیز — گھول پانی مین یار با تمیز
رکھدے اُسکو وہ تہ نشین جب ہو — صاف پانی رہے تو پھینک اوسکو
وہ جو ہے تہ نشین اُسے لے لے — ریش کے تحت و فوق اُسے بھردے
مکھیونکا نہ آسکے اوسپہ قدم — اور تو بھی نہ دے کچھ اوسکو الم

[illegible]

متواتر کرے جو ایک ہفتہ / پیٹھ اچھی ہو اُسکی بے شبہہ
یا کہ پسلی ایک اونٹ کی منگوا / آگ مین ڈال اُسکی خاک بنا
یا تلہ اک پُرانی جوتی کا / خاک اُسکی بھی لے جلا کے منگا
یا گدھے کی بھی لید تو منگوا / پیس باریک خوب اُسے سکھلا
یا کہ لیدی سبا منگا کر بھنگ / ہو نہ ان سب دوا سے تو دلتنگ
خاک چمڑے کی یا اُس ہڈی کی / لید کا ہو سفوف یا لُبدی
آئے اُس مین جو تیرے دلکو پسند / ریش کے مُنہ کو کراسی سے بند
سرد ہو جسقدر سو اچھا ہو / چور نکلے اور شاہ سچا ہو
کرم کے زخم سے نکلنے کی / زخم دھونے کی اور سلنے کی
نکتہ ہائے عجیب مین تدبیر / ہوگی مرقوم تو نہو دلگیر

گیارھوین فصل جلد شکم اور اسکے متعلقات کا علاج ریش تنگ وغیرہ

موضع تنگ پر اگر ہو ریش / دل مین اپنے نہ کر تو کچھ پیش و بیش
سادہ کاغذ کی کر کئی اک تہ / اُسکو پانی مین کرلے تر سب
اُسی کاغذ کو ریش پر رکھدے / اُسکے اوپر سے تنگ اسکا لے
ہو نہ جبتک کہ ریش وہ اچھا / روز مرہ تو اُسکو کرتا جا

طبق کا علاج

تنگ کے نیچے ہو طبق کی سوج / لے خبر جلد اُسکی وقت عروج
ہو وہ آماس اسطرح پیدا / ٹکیہ روٹی کی جیسے ہو شیدا
سکے ہوگر علاج مین تاخیر / ہو ترقی پذیر بے تدبیر

بڑھ کے سینے سے ناف تک پونہچی — مادۂ زہرباد کا ہو وے
ہو یہ آغاز مین دوا کا فی — باندھنا اسپہ گرم گرہتی
اور جو اس سے تہو وے وہ زائل — پہر تدبیر اُس کے ہو مائل
جو دوا زہرباد کی ہے کہلا — واسطے لیپ کے دوا یہ بنا
لے لے کالے دھتوریکا پتہ — عرق اُسکا نچوڑ کر یک جا
شیرہ کالی تکو کا جلد نکال — مائدہ لکڑی کالی زیری ڈال
جب وہ نم ہو تو پیس اُسے سل پر — گرم کرلے پہر اسکو لے دلبر
اور آماس پر لگا اوسکو — گر خدا چاہے جلد اچھا ہو
یا بکائن کے نیم کے پتے — اور سمہالو کے پتے منگوا لے
پہلبہلا تینون کو اکٹھا کر — کچھ بہارہ بھی اسکا دے اسپر
بعد تینون پتیون کو سے لے — اُسی آماس پر اُسے رکھدے
اور کپڑے سے باندھ اسے مضبوط — کھولنے تک وہ تار ہے مربوط
کرکے دو تین دن اسے پیہم — کرنا پہر فکر دوسری اُسدم
بادخایہ طالب کی بہی دوا — ہی دیکھی کتاب مین ہر جا
جب ضرورت ہو کر اسی کو یار — اور ہو دوسری دوا درکار

بلاتفریق اقسام آماس کا علاج

اور جو آماس اس طرح پر ہو — جسکی علت نہ کوئی مظہر ہو
بہی کہار اور سرسون لونا کہار — اور جوا کہار سیندھا پیل یار
آنبہ ہلدی بہی اُسکے سا تہ منگا — لے کے ہموزن سب کو کر یکجا

پیس پانی مین اسطرح باریک	لیپ کرنے مین تاکہ اُترے ٹھیک
لیپ کر اُسکا اور بنا یہ دوا	چاشنی دے دوا کی صبح و مسا
تیندھا اجوائن اور لے ہڑا	گھوڑبچ اور چرایتہ و چیتا
پوری لے اک خوراک سب ہموزن	اور سرسون کے تیل مین کر طحن
تین دن اسطرح کھلا یا کر	اور نہو اُسکے حال سے مضطر
ہووے فضل خدا جو شامل حال	پائے صحت تراقرین فی الحال

بارھوین فصل آلت اور خصیہ کی بیماری اور اُسکے علاج کا بیان

ہو ورم خصیہ مین اگر سالے مرد	خلط بادی سے ہووے نرم و سرد
لا کے ایلوت اور کچھ زیرا	اور جو اکھار ساتھری یکجا
چوب سا اسکو کوٹ کر اور چھان	گھی بھی اس مین ملاوے کہنا مان
مثل مرہم بنا کے سالے و لدار	دفعہ دفعہ ضماد کر دس بار
یا کہ مچھلی منگا اُسے کر جوش	دے کے دو سیر آب اوذیہوش
ربع جب پانی کا رہے باقی	نال مین اوسکو پھر پلا ساقی
پہلے اک تین دن اسے پلوا	مائدحال تاکہ ہووے شفا
پاکے لے دارچینی قند سیاہ	دونون جز کو ہے وزن کی یکراہ
اسکو مخلوط کر پھر لے ہمدم	لیپ خصیہ پر اُسکے کر پیہم
ہے یہی خلط بلغمی کا نشان	ہو ورم تنگی کے ساتھ ایجان
ورم بلغمی کی ہے یہ دوا	پیپل اور سونٹھ گیرو لے منگوا
ہو جو اکھار بھی مگر اُس مین	ساتھری بھی پڑی ہو پر اُسمین

کوٹ اور چھان لے مساوی تو ۔۔۔ می مین اوسکو ملاکے امی خوشخو
سیر کپڑے ہووے مے کستر ۔۔۔ نال مین بھر کے تو پلا یکسر
یاکہ منگواکے گاے کا گوبر ۔۔۔ تازہ تازہ تو مل دے خصیہ پر
تین دن تک مل اُسپہ صبح و شام ۔۔۔ تا ورم کا رہے نہ باقی نام

گرمی دانہ کا علاج

جسکے خصیہ پہ ہو دین دانہ ہو تو ۔۔۔ چرب روغن سے کر اُسے تو زود
چھیل کر لا درخت نیم کی چھال ۔۔۔ یاکہ کھربن کی لے منگا فی الحال
پیس باریک خوب اُسسے لے یار ۔۔۔ کردے اُسکا ضماد بے تکرار

خصیہ مخفی کے قائم ہونیکا علاج

خون و بلغم یہ دونون یک جا ہو ۔۔۔ کھینچتے ہین فرس کے خصیہ کو
ایک جانب کا مہرہ ہو معدوم ۔۔۔ یاکہ دونون ہون گاہ نا معلوم
چنی پٹی کرے با استادی ۔۔۔ اس طرح کی بنالے آزادی
ہو جو اُسکے علاج مین تاخیر ۔۔۔ آخر آخر وہ ہووے لنگ پذیر
پر سمجھ لے یہ اُسکی کمگالیش ۔۔۔ ہے مرض یا نہ بد و پیدا ایش
ہووے اصلی کا اسطرح قالب ۔۔۔ نہ چپ و راست ہو نہو جانب
دوحنت کا ہو نشان نہ بخیہ کا ۔۔۔ صاف و شفاف ہووے بقیہ سا
زور مارے ہزار در گر قابل ۔۔۔ ہووے اسکا علاج لا حاصل
اور مرض سے ہو یہ نشان اظہر ۔۔۔ خالی ہو اک پری ہو دوسرے پر
دوحنت کا بھی نشان اُسپر ہو ۔۔۔ کہ طرف اُس تے صاف اظہر ہو

گرتو اسکی دوا بہ خوشحالی   گر مرض سے ہوا ہے وہ خالی
فصد رانون کی اسکی پہلے لے   قرب خصیہ کے رگ مین نشتر دے
کردے خصیہ کو چرب روغن سے   گای کا بول اور روغن لے
اور نمک اُسمین دے اور اُسکو گلا   آگ پر رکھ کے اوسکو جوش کھلا
کھول ہانڈی کا مُنھ بھپارہ دے   اترے وہ مہرہ تا کہ اوپر سے
کرے ترکیب روز صبح و مسا   اور منگا کر کھلایے اوسکو دوا
نو درم سے نہ ایلوا تھوڑا   سینک پیپل تو اُسپہ اور بڑھا
جزو اور کل کا ربع ہو پیپل   وزن مین ہینگ نہ درم اکمل
ہو جوا کھار نہ درم لے یار   اور لہسن کا اک جوے کا شمار
نو درم تیل اُس مین ہو تل کا   کوٹ اور چھان لے یہ سب یکجا
ایک ہفتہ کھلا دے قسمت کر   پانی دینا ہو چاہ کا بہتر
ہینگ بریان دوائین مین مربوط   گر تو لہسن کو چھیل کر مخلوط
آب و دانہ کی ہو خبرداری   اور دوا کرنے مین بھی ہشیاری
دانہ اوسکو نہ دے دوا کے بعد   اور سواری نہ لے دوا کے بعد

آلت کی بیماریکا علاج

ہووے آلت مین گھوڑے کے پیدا   گرمی کی خلط سے ورم تھوڑا
دانہ دانہ سے اسمین ہوئین تمام   ہو وہ خارش سے مضطرب ناکام
ہونہ عجلت سے اُسکی گر تدبیر   کیڑے پڑ جائین اُس مین بے تاخیر
فصد لینا مفید ہو اُسکو   پر رگ اندرون زانو ہو

سر و پانی چھڑک قضیب پہ سے | لیپ خرما کی نیم کی کر دے
نیم کو جوش کر اسے ڈھو ڈال | تاکہ اچھا ہو جلد بے اہمال
گھی کو یا دھو کے یکصد و یکبار | ہے یہ مشہور نسخہ بے تکرار
کتھ پپڑیا ملا لے کچھ کافور | بس اسی کو لگا کہ ہو مسرور

تیرھوین فصل دم اور اسکے متعلقات کا آزار اور اسکے علاج کی تدبیر

خارش دم کا اب سبب ایجان | خون فاسد کا جمع ہونا جان
چھوٹے چھوٹے ہون دانہ دم مین نمود | بھوسیون کا اثر ہے پھر اس سے دود
ہو جو اسکے علاج مین تاخیر | کرم کھا جائین پوست بے تزویر
یک بیک بال یون گرین دم سے | یا دسر ھر سے جس طرح پتے
ہڈیان جسقدر ہین دم مین نہان | ہو جو بوسیدہ جرم ہو وین عیان
یہی بہتر ہے دل سے کر کے قصد | لے سر دم کی اسکی پہلے فصد
دم کو سرسون کی تیل سے کر لیپ | نرم ہاتھون سے تا نہ پہنچے ضرب
اور منگوا کے سیر بھر خرما | پاؤ بھر اور نیم کا پتا
کوٹ دونون کو ایک دل کر کے | تین دن تو قرص کو کھلوا دے
یا کر روغن بنا کے خارش کا | حسب دستور اسے روز لگا
چودھوین فصل مین ہے اسکا ذکر | دیکھ آگے نہ اس جگہ کر فکر

چودھوین فصل خارش دمہ انگلی انگلن یا دیتی برساتی کے جرم کی علاج

نصف تن سے جو ہو کے لہو الیج | ہووے بادی سے اسطرح کا لنج
ہو جو بیچ خشک آدھا تن | کھینچے خمیازہ دمبدم وہ زن

رہے بیہوش غافل دکھال — کہ وہ دانہ سے ہو نہ وہ شامل
سیر بھر تل کا تیل بھر دوا — اور ایلوت دونوں ساتھ منگا
لینا ایلوت نیل کا آدھا — کرنا دونوں کو ایک مین یکجا
آگ پر پھر چڑھاوے دیکر جوش — خوب مالش کرا سکی لے ذی ہوش
رکھنا اُسکو ہوا سے تو محفوظ — ہو نہ محبوس یہ بھی ہو ملحوظ
ہے کھلانے نکے کیواسطے اکل — سیر بھر دودھ پاؤ بھر پیپل
یعنے پیپل کو پیس دودھ مین ڈال — اور پلاؤ فرس کو بھر کر نال
متصل تین دن اسے ابھی جان — صبحدم گر پلا تو پاوے امان

گج چرم کا علاج

گندگی لانے جبکہ تن کا پوست — ہووے رختند کی بھی یکسر شوخت
یعنی ہو جاوے جلد کا چمڑا — گندہ بنے آب سر بسر گہرا
اس طرح پر علاج کر اُسکا — تا کہ فضل خدا سے ہو اچھا
کاسنی بھیلا کا بجی کشمیری — بیج بھی ہوا وس مین تیل تل کا بھی
کاسنی بھیلا اور بیج کو لے — دونوں مخلوط کا بجی مین کرے
پھر اُسے رکھ پتال جنتر مین — کھینچ لے تیل ایک منتر مین
اور ملا تل کے تیل مین اوسکو — مل اُسکو نہ جب تک اچھا ہو
اصل پر چاہیے کہ پاوے قرار — اوس مین باقی رہے نہ پھر آزار

پتی کا علاج

اُچھلے پتی فرس کی گردن پر — کیچلی ایک سانپ کی دلبر

سلے منگا اوسکو اور گرا سقوڑا — کرکے مخلوط اور فرس کو کھلا
یا منگا کر چھٹانک مرچ سیاہ — اور گیروا اوسی قدر ہمراہ
دونون باریک پیس کر باہم — تین دن تک کھلا کہ ہو بے غم
روز کرتا تو اس طرح بیتار — اور کھلاتا اوسے اسی مقدار

خارش اور چل کا علاج

گر فرس کے بدن مین خارش ہو — باسی پانی سے خوب اوسکو دھو
آب یا فتلفلہ شبینہ ہو — لے کے دھلوا دے سرتاپا اوسکو
یا کہ بارود کچھ دہی مین گھول — بے تکلف مل اور نہ تو کچھ بول
یا کہ صابن منگا یہ قدر ضرور — اور سکی جو کھائی کر نمک معمور
کوٹ دونون کو پہلے کر مخلوط — پھر کسی پارچہ مین کر مربوط
پوٹلی باندھ اوسکی لائے اکمل — اور اسی سے بدن کو اوسکے مل
پانی دے دے کر غسل اوسکو دے — مل اوسی پوٹلی کو اوپر سے
یا کہ تازی منگالے دانشمند — پر نہ تازی کو ہو وے سیاتند
سر سے لے تا قدم برابر مل — کر دو وقتہ اسی طرح سے غسل
خشک جبتک نہو بدن کی دوا — باندھ گھوڑے کو آفتاب مین لا
آدمی کے لیئے بھی ہے اکسیر — لاکھ تدبیر کی یہ ہے تدبیر
اوسکو مین نے بھی آزمایا ہے — نفع اس سے بہت اوٹھایا ہے
اور فقط چل جو ہو تو بید انجیر — کرکے باریک اوسکو بے تقریر
اور منگوائیے دو وغ ترش ای یار — اپنے ہاتھون سے تو ملا اکبار

چل کے موضع پر اودس دہی کو مل — تین دن مین تاکہ ہو اکسیر مل
روز سوم منگا کے پتے زرد — مل فرس کے بدن پہ ہو بیدرد
آب خالص کے ساتھ اوسکو دھو — روز چہارم فقط یہ حکمت ہو
کہ ملا کر دہی مین کچھ کھاری — دھووے اوسکا بدن پہ عیاری
تین دن مین مرض وہ یون کم ہو — جھڑے جیسے دفع شبنم ہو
پاؤ بھر تیل پیسہ بھر — تیل کڑوا ہو لیکن سادہ لبر
اوسی روغن مین تیل کو کر حل — اور بدن پر تمام اوسکے مل
بعد یکپاس پھر اوسے دھووے — چکنی مٹی لگا کے پانی سے
فصل گرما مین ہووے پانی سرد — اور سرما مین گرم اے پر درد
خارش اور چل ہو دونون اوس سے دور — ہے یہ نسخہ عجیب پر دستور

اگن باد کا علاج

ہو اگن باد جس فرس کو عیان — ابتری کا ہے اوسکے وہ سامان
ہو اگن باد کا یہی دستور — تن سے اپنے رہے فرس معذور
ہوکے بوسیدہ سارے تن سے جدا — جا بجا اوسکا بال اور چمڑا
شکل معیوب وہ کرے پیدا — جسطرح سوختہ ہو آتش کا
خون فاسد سے ہو مرض یہ پدید — فصد ہاتھون کی ہووے اوسکو مفید
بعد اوسکے علاج کی تنظیم — کرے بیطار جس طرح تعلیم
یعنی منگوا کے نیم کا پتا — چاول اس مین پکا کے کر ٹھنڈا
اور دہی بھی منگا کے کر تیار — تینون ہم وزن نیم آٹا ر

سب کو مخلوط اک جگہ کر لے · مثل راتب فرس کو کھلوا دے
بیس دن تک اسی طرح سے کھلا · ہے مجرب سند سے اسکو لکھا
پاکہ بنواسکے چار روغن دے · تیل سرسون کا اور صابن لے
گاے کا گھی لے اور چرب بنگا · دو دو آثار وزن مین پورا
روغن اور چرب تیل لے خوشخو · چرب کرلے تمام تو اوسکو
تھوڑا تھوڑا پھر اوس مین صابن دے · اور مخلوط کر لے کفچے سے
جبکہ حل کردہ خاک ہو تیار · ایک باسن مین رکھ اوٹھا اے یار
پاؤ بھر لے کچھ روز اس مین سے · جو کے آٹے مین مل کر کھلوا دے
اور انکا بھر منگاکے تو سیماب · نیم آثار گھی مگر لے آب
کشتہ پڑیا اور بول اور کا وزر · کرکے پارہ یک سب کو با دستور
گھی کے ہمراہ پھر اوسے حل کر · ایک دل جب تک نہو دلبر
ریش پر ہر جگہ کر اوس کے طلا · تا کہ ہو دور وکی یہ اوسکے دوا
تیسرے دن لگا کے مٹی زرد · نرم ہاتھون سے دھو وہی موضع درد

جھنک باد کا علاج

ہو جھنک باد اک مرض بادی · دست و پا کی ہو جس سے بربادی
پا اوٹھا کر فرس چلے منزل · یا زمین پر ٹپک سکے جنبش ول
پاکہ انداز اوسکا ہو ہمدم · پانون گھستا چلے قدم بہ قدم
جب علاج اسکا ہو سمجھے درکار · مین بتاؤن سو کر دوا تیار
یعنی دو دام تول لہسن لے · اور دو دام اس مین پارہ دے

دونوں مخلوط کر کے کوٹ اسکو	تا کہ مل کر ہر ایک یک دل ہو
بیس دن اسطرح بنا کے کھلا	کیا عجب ہے کہ ہو وے فضل خدا
صبحدم اوسکو پہ کھلائے یار	تا اثر سے ہو اوسکے برخوردار
کچھ میلہ ملا کے یا ستو	روز مرہ کھلاتا رہے . خوشبو
پاکر تو ہلدی پارہ پیپل لے	اسی ترکیب سے بنا کر دے
پاکہ منگوا لے ہینگ روز کدام	کر کے بریان اسے پہ انجام
صبحدم پہلے تو نہاری کے	ملکے ستو مین اسکو دلوا دے
پا ہے اکیس دن جو اک اکرام	کیون نہو اس فرس کو پھر آرام

سرن باد کا علاج

بڑھ کے اک پانون جو فرس رکھے	وہ سرن باد کا مزہ چکھے
ہو نہ سر کی جا پہ اس کا مقام	اسکے آتی نہین دوا کچھ کام
اک فقط داغ سے وہ اچھا ہو	جب تلک کہنگی نہو اسکو
کہنہ ہونے کے بعد بے تقریر	کام آتی نہین اوسے تدبیر

برساتی کا علاج

بسکہ برساتی ہے مرض مشہور	اسکی تشریح کچھ نہین ہے ضرور
جو اگن باد علاج ہوا	اوس کی خاطر بھی ہے مفید لکھا
تجربہ کا علاج ہے لینا	ایک چلہ تلک اسے دینا
پاکہ ہلدی منگا لے اور گھورنچ	اور منگوا لے کچھ پرانی گچ
بک کہ ہموزن کرنہ تو کچھ تنک	زخم پہ بار بار اوسکے چھڑک

حکم رکھتا ہے یہ سفوف اسی بار
یا کہ خالص منگا کے روغن نیب
خشک چونا منگا سفوف بنا
خاک چونا کی پھر چھڑک اسپر
یا مجرب ہے ایک اور دوا
ہے مجرب کہ کرکچھ اس مین شک
زندہ گرگٹ تو دس عدد منگوا
آہنی ظرف مین ہون روغن جوش
کرکے دونون جلا کے خاکستر
پھر اسے احتیاط سے رکھ لے
اور اسکے سوا یہ ہے تدبیر
لحم خنزیر پاؤ بھر لے تول
کونکر دونون اک جگہ کر لے
سہل و آسان ہے ایک اور علاج
یعنے سرگین ناکیان منگوا
یا کہ گرگٹ پکڑ منگا دو چار
سوختہ کر لے تیل مین دلبند
ہوا گر زخم پر طلا اس کا
یا کہ بوسیدہ ٹاٹ کا ٹکڑا

اسکی تاثیر مین نہین تکرار
مل اوسی زخم پر بتا یہ ترکیب
زخم پر اوسکے پہلے تیل لگا
تا بتدریج ہو وسے دور جذام
کرکے تیار تو اسی کو لگا
پاؤ بھر لے بھلانوہ لے زیرک
تیل تل کا بھی سیر بھر پورا
اور گرگٹ بھلانوہ لے ذیہوش
ایک کپڑے مین چھان لے ولپر
ریش پر آسکے تو طلا کر دے
لکھتے ہین آزمودہ ہے تدبیر
اور سہاگہ چھٹانک منگوا مول
تین حصہ کر اور قرص کو دے
لا کے نفرت اگرچہ اس سے مزاج
کریا ہے بروے زخم طلا
کہنہ ہم کلان دقامت وار
کر لے مسحوق سربسر یکچند
پھر تو ورکار دوسری ہو دوا
ریش پر لے کے باندھ اور بھگا

رہے پانی سے ٹاٹ وا ٹم تر	گولیان زہر کی کھلا بیے درد

فصل پندرھوین بوغمہ اور قیصرزدہ کے علاج کے بیان مین

مارے گر چاندنی کوئی گھوڑا ۔ جان کا اوسکے رخصتی کوڑا
جو قیصرزدہ ہے اک طوفان ۔ آنکھین دونون ہون منقلب یکجان
ہو تشنج تمام سرتاپا ۔ اور بے حس ہو جسم تختہ سا
آب دوانہ سے اسکو نفرت ہو ۔ منہ ہلانے مین اسکو دقت ہو
یہ بھی اک باد کا ہے قسم ایجان ۔ دم مین کرتا ہے کچھ کا سامان
منہ کھلا جب تلک رہے اسکا ۔ نفع بخشے دوا جو چاہے خدا
نوجوان ایک مرغ کو ذبح ۔ رکھ مسلم اوسے نہ کر مجروح
دونون پانون اور پر فقط کر دور ۔ پھر اسے جوش کر بہ قدر ضرور
کوٹ ہاون مین اسکو جیسا ہے ۔ علت اوسمین ہے یا مصفا ہے
پاؤ آثار مرچ کالی لے ۔ کرکے باریک اسکو اسمین دے
اور خالص شراب لے منگوا ۔ تول پھر پوری سیر بھر شیرا
دے میلہ بھی اوس مین قدر ضرور ۔ کر مرکب تو سب کو با دستور
ہو چکے اسطرح وہ جب تیار ۔ پھر کھلانیین اوسکے کیا تکرار
پانی دینا تو گرم ایک ہی دم ۔ دینا ہرگز نہ سرد اے ہمدم
پانسگا ایک چھپکلی اسے یار ۔ کاٹ کر ہاتھ پانون دم یکبار
کوٹ ہاون مین اور ملا اسکو ۔ تھوڑے آٹے مین اور کھلا اسکو
پینہ کنندے کے دانشمند ۔ کرکے کانو نکا جوف اسکے بند

گوشت گیدڑ کا یا گلہری کا
اور اسکے کھانے کی ترکیب
کچھ نہ دیا اوسے دوا کے سوا
باندھنا اوس جگہ اوسے لیکر
بند ہو جاوے جب تک منہ اوسکا
حیض کی گدیاں منگا دس پانچ
قید پانے کی کیا لکھوں اے یار
بس کفایت ہے اسقدر پانی
جبکہ مقدار سے رہے باقی
گدیاں کرکے سب دوا فشردہ
تاکہ سے آسکے وہ پلا پانی
یا کہ دو سیر گوشت بکری کا
جبکہ دو سیر اوسکی ہو مقدار
کوٹ باریک دونوں کر یکجا
کرکے اک حصہ در جوش ایجان
یا کہ لے تل کا تیل نو درہم
ہووے روغن سے تو رہے تکرار
جوش ان سبکو کرکے پانی مین
اسی پانی کو یار اوسکو پلا

ہے مقرر سفید اوسکو لکھا
ہے وہی جس طرح سے کی تادیب
پاسے وہ پورے بین دن فاقا
کرسکے جس جگہ ہوا نہ گذر
ہے تردد کی اوس مین بیٹھک جا
رکہ اوسے دیگدان مین اور کر آنچ
تیری دانائی اوسمین ہے درکار
کھینچے اوسکا اثر بآسانی
اک چارم اوتار لے ساقی
تال مین بھر لے آب تعف خوردہ
دفعہ دفعہ نہو پریشانے
ہو جو بکری سیاہ سر تا پا
مینگنی بھی پاؤ بھر منگا لے یار
سات حصہ کر اسکو لے دانا
پانی اوسکا پلا ہے درمان
چربے نر بھی سیر بھر ہمدم
تول مین پورا پاؤ بھر اسے یار
فرق کرنا نہ کار دانے مین
اور یہی لوٹ پھیر کر سیوا

یا نمک سنگ یک چھٹانک منگا
نو درم پیپل اوس مین اور ملا

یا پھر تازہ خون بکری کا
کرلے مخلوط اور فرس کو کھلا

فصد بھی ہے سفید بے کینہ
ہووے دنبال چشم یا سینہ

یا فقط دونون پایئن کردے طے
یا کہ ہو آخر الدولہ ایکے

۰ لوغمہ کا علاج

جب پسینہ فرس کے ہو جاری
زندگی اسکو ہوگی دشواری

ہو پسینہ سے یک روان دریا
ہووے غرق عرق وہ سرتاپا

لوغمہ ہے وے بخوف و خطر
